سوال

(294) شیخ الاسلام ابن تیمیہ رحمہ اللہ کی عبارت کہ حیض والی عوت دن کے وقت پاک ہوجائے توظہر اور عصر اور رات کے وقت ہو تو مغرب اور عشاء اس عبارت کا مفہوم کیا ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

شیخ الاسلام نے کہا ہے کہ اگر حیض والی عورت اگر دن میں پاک ہو تو ظہر اور عصر کی دونوں نمازیں پڑھے اور اگر رات میں پاک ہو تو مغرب اور عشاء دونوں نمازیں ادا کرے۔ اس عبارت کا کیا مطلب ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جو کچھ ظاہر میں سمجھ آتا ہے یہ ہے کہ اس حکم کی بنا دونوں وقتوں کے اشتراک پر ہی احتیاط پر عمل کرنے کو یعنی آخر دن سے مراد اول وقت عصر کا ہے کہ ظہر کا آخر وقت ہے اور رات سے مراد عشاء کا اول وقت ہے کہ مغرب کے وقت کا آخر ہے پس جو عورت ان وقتوں میں پاک ہو احتیاطاً دونوں نمازیں ادا کرے کیونکہ شرکت وقتین کے خیال سے کہہ سکتے ہیں کہ اس نے دونوں کو پا لیا تو دونوں وقتوں کی نماز ادا کرنی چاہیے اور حدیثوں سے ظاہر یہی بات ہے کہ اس نماز کو ادا کرے جس نماز کے وقت میں پاک ہوئی۔ (فتاویٰ نواب صدیق حسن خان جلد نمبر ۲ ص ۲٦)

قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل

جلد02

محدث فتویٰ